© rasailojaraid.com



جانوروں سے حسن سلوک پر ایک مضمون ہے۔ (مسلم سجاد)

Lift Up Your Hearts، عبدالرشید صدیقی، اسلامک فاؤنڈیشن، لسٹر، برطانیہ۔ ملنے کا پتا: بک ٹریڈرز، جناح سپر مارکیٹ، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۷۵ قیمت: درج نہیں۔

عبدالرشید صدیقی لسٹر یونی ورسٹی (برطانیہ) کی اسلامک سوسائٹی کے زیر اہتمام مسلسل دو عشرے سے خطبہ جمعہ دیتے ہیں۔ انھوں نے ۳۰ موضوعات پر چار چار، پانچ پانچ صفحات کے یہ خطبے تحریر بھی کر دیے اور یوں ایک موثر پیش کش کے ذریعے ان سے استفادے کا دائرہ وسیع ہو گیا۔ ہر خطبے کا آغاز کسی قرآنی آیت سے ہوتا ہے۔ موضوع پر آیات و احادیث بھی پیش کی گئی ہیں۔ اندازِ بیان عام فہم، اور دلوں کو اٹھانے والا ہے۔ خطبہ اوّل اور ثانی کے عربی متن کے ساتھ، انگریزی ترجمہ بھی شامل ہے۔ علم پہلا موضوع ہے، اور اُمت آخری۔ عقائد، ارکان، ہجرت، دعوۃ، جہاد، تزکیہ، سیرت، اخوت، استغفار سب ہی اہم موضوعات ہیں۔ ایک طرف تو عالم اسلام اور عالم مغرب میں ان انگریزی خطبوں کی افادیت ہے، دوسری طرف یہ پاکستان، بھارت اور بنگلہ دیش جیسے ممالک میں انگریزی اخبارات و رسائل اور کالجوں کے مجلوں کے لیے مختصر مضامین کے طور پر بھی استعمال ہو سکتے ہیں۔ پروفیسر خورشید احمد نے پیش لفظ میں جمعہ اور جمعے کے خطبے کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے اور تجویز دی ہے کہ ۲۲ مزید خطبے بھی تیار کیے جائیں تاکہ سال کے ۵۲ جمعوں کے لیے ہو جائیں۔ (م - س)

## تعارف کتب

☆ مسلمانوں کے عروج کی کہانی، ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن صدیقی۔ ناشر: صدیقی پبلی کیشنز، اے ۵۴، بلاک ۱۳، سی گلشن اقبال، کراچی۔ صفحات: ۴۱ (بڑی تقطیع)۔ قیمت: درج نہیں۔ [ایک طرح سے ۱۴ سو سالہ مسلم تاریخ، آنحضورؐ اور خلافت راشدہ سے لے کر تا حال، مسلم خطوں اور علاقوں کے احوال و واقعات۔ اس بیان میں کہیں کہیں تہذیب و تمدن کے باب میں مسلمانوں کے کارناموں کا ذکر۔ مصنف نے تاریخ کو مثبت نقطہ نظر سے پیش کیا ہے۔ وہ آدھے خالی گلاس کے بجائے بھرے ہوئے آدھے گلاس کو دیکھتے ہیں۔ ہر صدی کے اہم واقعات کی فہرست میں منفی واقعات کو سرخ رنگ سے دیا ہے جو مشکل سے ۱۵ فی صد بنتے ہیں۔ اسلوب و انداز عام فہم اور آسان۔ چند ایک نقشے اور تصاویر۔]

☆ یادوں کی امانت، السید عمر تلمسانی، ترجمہ: حافظ محمد ادریس۔ ناشر: مکتبہ احیاے دین، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۴۴۶۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [اخوان المسلمون مصر کے مرشد عام کی یادداشتیں بہ قول میاں طفیل محمد: یہ ایک ''ایمان افروز تجربہ'' ہے۔ دل چسپ واقعات، دعوتی و تحریکی اور تربیتی نقطہ نظر سے اہم دستاویز۔ زیر نظر جدید ایڈیشن بہتر ترتیب و تدوین کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔]

© rasailojaraid.com